## عوامی نیشنل پارٹی کے رہنما مسلسل اشتعال انگیز بیانات دیکر کراچی میں امن و بھائی چارے کی فضاء کو خراب کرنے پر تلے ہوئے ہیں۔رابطہ کمیٹی

## اے این پی کے رہنماؤں کے مسلسل اشتعال انگیز اور دھمکی آمیز بیانات سے لگتا ہے کہ

## اے این پی نے کراچی میں ایک بار پھر قتل و غارت اور لسانی فساد کا منصوبہ بنایا ہے

## ہم اے این پی کے رہنماؤں سے یہی گزارش کریں گے کہ وہ قتل و غارت اور لسانی فساد کی آگ بھڑکانے سے گریز کریں اور اشتعال پھیلانے کے بجائے افہام و تفہیم کا راستہ اختیار کریں

## پختونوں کا قتل عام کراچی میں نہیں صوبہ خیبر پختونخوا میں ہو رہا ہے جہاں اے این پی کی حکومت ہے

کراچی۔۔۔29 مئی 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے عوامی نیشنل پارٹی کے رہنما اور وفاقی وزیر غلام احمد بلور کے اشتعال انگیز بیان پر تبصرہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ اب جبکہ کراچی کی صورتحال بہتر ہے، شہر میں امن ہے اور امن پسند عوام کی جانب سے صبر و تحمل اور ضبط و برداشت کا مظاہرہ کرنے پر شہر میں امن قائم ہے لیکن عوامی نیشنل پارٹی کے رہنما کراچی کے حوالے سے مسلسل اشتعال انگیز بیانات دیکر شہر میں امن و بھائی چارے کی فضاء کو خراب کرنے پر تلے ہوئے ہیں۔رابطہ کمیٹی نے کہا کہ اے این پی کے رہنماؤں کی جانب سے کراچی کے حوالے سے مسلسل اشتعال انگیز اور دھمکی آمیز بیانات سے لگتا ہے کہ اے این پی نے کراچی میں ایک بار پھر قتل و غارت اور لسانی فساد کا منصوبہ بنایا ہے۔رابطہ کمیٹی نے کہا کہ ہم اے این پی کے رہنماؤں سے یہی گزارش کریں گے کہ وہ قتل و غارت اور لسانی فساد کی آگ بھڑکانے سے گریز کریں اور اشتعال پھیلانے کے بجائے افہام و تفہیم کا راستہ اختیار کریں۔رابطہ کمیٹی نے کہا کہ پختونوں کا قتل عام کراچی میں نہیں صوبہ خیبر پختونخوا میں ہو رہا ہے جہاں اے این پی کی حکومت ہے، جہاں آئے دن خودکش بم دھماکے، شہریوں پر حملے اور دہشت گردی کے واقعات ہو رہے ہیں۔اگر اے این پی کو واقعتاً پختونوں سے ہمدردی ہے تو وہ خیبر پختونخوا میں ہونے والے خودکش حملوں، بم دھماکوں اور دہشت گردی کے بے شمار واقعات میں ہزاروں پختونوں کے قتل پر سڑکوں پر کیوں نہیں آتی؟ آخر خیبر پختونخوا میں دہشت گردی کے واقعات میں ہلاک ہونے والے ہزاروں پختونوں کا خون کس کی گردن پر ہے؟ رابطہ کمیٹی نے کہا کہ دراصل اے این پی کی صوبائی حکومت خیبر پختونخوا میں عوام کی جان و مال کے تحفظ اور ان کے مسائل کے حل میں بری طرح ناکام ہو چکی ہے، وہاں کے عوام اس سے بیزار آچکے ہیں اسی لئے اپنی ناکامی پر پردہ ڈالنے کیلئے اے این پی کے رہنما کراچی میں پختونوں کے ساتھ زیادتیوں کا واویلا کر رہے ہیں۔رابطہ کمیٹی نے کہا کہ غلام احمد بلور اور اے این پی کے دیگر رہنماؤں کو اگر واقعتاً کراچی کا امن عزیز ہے تو وہ اشتعال انگیز بیان بازی سے گریز کریں۔

## انتہاء پسندوں اور دہشت گردی کے خلاف مسلم لیگ (ن) کے سربراہ میاں نواز شریف کا بیان خوش آئند ہے، ارکان قومی اسمبلی

کراچی۔۔۔29 مئی 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست ارکان قومی اسمبلی نے مسلم لیگ (ن) کے سربراہ میاں نواز شریف کی جانب سے انتہاء پسندوں اور دہشت گردی کے خلاف حالیہ بیان کو خوش آئند قرار دیا ہے۔اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ ماضی میں میاں نواز شریف اور مسلم لیگ (ن) کے دیگر رہنماء دین اسلام کے نام پر بم دھماکے اور خودکش حملے کرنے والے انتہاء پسند دہشت گردوں کی حمایت کرتے رہے ہیں آج وہ بھی اعتراف کر رہے ہیں کہ دہشت گردی کے خلاف ہر قیمت پر کامیابی حاصل کرنی ہوگی اور انتہاء پسندی کو جڑ سے اکھاڑنے کیلئے قوم کو متحد ہونا پڑے گا۔حق پرست ارکان قومی اسمبلی نے کہا کہ مسلم لیگ (ن) کے مثبت اور تعمیری مؤقف سے دہشت گردی کے خلاف نبرد آزما مسلح افواج اور محبِّ وطن سیاسی جماعتوں کے حوصلے بلند ہوں گے جو پاکستان کی بقاء و سلامتی کیلئے جدوجہد کر رہی ہیں۔

## صوبہ پنجاب کے شہر صادق آباد کی سماجی شخصیات سمیت مختلف گاؤں گوٹھوں کے افراد ایم کیو ایم میں شمولیت

کراچی ۔۔۔29، مئی 2010ء

صوبہ پنجاب کے شہر صادق آباد کی سماجی شخصیات اور مختلف گاؤں گوٹھوں سے تعلق رکھنے والی برادریوں کے افراد نے ایم کیو ایم کے قائد الطاف حسین کے فکر وفلسفے سے متاثر ہو کر ایم کیو ایم میں شمولیت کا اعلان کیا ہے۔ یہ اعلان انہوں نے گزشتہ روز ایم کیو ایم کے مرکز نائن زیرو پر ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن اشفاق منگی اور حق پرست رکن قومی اسمبلی وسیم اختر سے ملاقات کے دوران کیا۔ شمولیت کا اعلان کرنے والوں میں صادق آباد کے سماجی رہنماء سہیل انجم، شبیر احمد اور محمد اکرم چیمہ اور دیگر افراد شامل ہیں۔ جنہوں نے اشفاق منگی سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ قائد تحریک الطاف حسین واحد رہنما ہیں جو ملک بھر کے غریب عوام کو حقوق دلانے کی عملی جدوجہد کررہے ہیں اور ایوانوں میں غریب ومتوسط طبقے کی نمائندگی کو متعارف کرانا ایم کیو ایم کا عملی کارنامہ اور روشن مثال ہے۔ رابطہ کمیٹی کے رکن اشفاق منگی نے سماجی رہنماء سہیل انجم، شبیر احمد اور محمد اکرم چیمہ کی سربراہی میں وفد کی ایم کیو ایم میں شمولیت کا زبردست خیر مقدم کیا اور انہیں قائد تحریک الطاف حسین کی جانب سے دلی مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا کہ جناب الطاف حسین کا پیغام حق پرستی پورے ملک میں تیزی سے پھیل رہا ہے اور انشاءاللہ اب وہ وقت آنے والا ہے کہ جب اقتدار کے ایوانوں میں پورے ملک سے حق پرست پہنچیں گے۔ بعد ازاں وفد نے ایم کیو ایم کے مختلف ونگز وشعبہ جات کا دورہ کیا اور ایم کیو ایم کے نظم وضبط اور تنظیمی کاموں کو سراہا۔ اس موقع پر ایم کیو ایم کی صوبائی تنظیمی کمیٹی کے ارکان بھی موجود تھے۔

## عوام وکارکنان عبدالقادر لاکھانی کی جلد ومکمل صحتیابی کیلئے خصوصی دعائیں کریں، الطاف حسین

لندن ۔۔۔29، مئی 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے مرکزی ایلڈرز ونگ کمیٹی کے رکن اور سابق حق پرست رکن سندھ اسمبلی عبدالقادر لاکھانی کی علالت پر گہری تشویش کا اظہار کیا ہے اور ان کی جلد ومکمل صحتیابی کیلئے دعا کی ہے۔ ایک بیان جناب الطاف حسین نے حق پرست ماؤں، بہنوں، بزرگوں اور کارکنان سے اپیل کی ہے کہ وہ عبدالقادر لاکھانی کی جلد ومکمل صحتیابی کیلئے اللہ تعالیٰ کے حضور خصوصی دعائیں کریں۔ واضح رہے کہ عبدالقادر لاکھانی ان دنوں شدید علیل ہیں اور وہ کراچی کے مقامی اسپتال میں زیر علاج ہیں۔

## حق پرست مائیں، بہنیں، بزرگ اور کارکنان شرافت زیدی کی صحت یابی کیلئے دعا کریں، الطاف حسین

لندن ۔۔۔29، مئی 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیو ایم لیبر ڈویژن کی مرکزی کمیٹی کے رکن شرافت زیدی کی علالت پر گہری تشویش کا اظہار کیا ہے اور ان کی جلد ومکمل صحت یابی کیلئے اللہ تعالیٰ کے حضور دعا کی ہے۔ ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے حق پرست ماؤں، بہنوں، بزرگوں اور کارکنوں سے اپیل کی وہ شرافت زیدی کی صحت یابی کیلئے اللہ تعالیٰ کے حضور خصوصی دعا کریں۔

## ایم کیو ایم فیڈرل بی ایریا سیکٹر کے کارکن نجم الدین طویل علالت کے بعد نیو دہلی کے گنگا رام اسپتال میں انتقال کر گئے

## مرحوم کی میت ایم کیو ایم کی جانب سے پاکستان لانے کے انتظامات کئے جارہے ہیں

## الطاف حسین اور رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی ۔۔۔29، مئی 2010ء

ایم کیو ایم فیڈرل بی ایریا سیکٹر یونٹ 149 کے کارکن نجم الدین ولد امین الدین طویل علالت کے بعد انتقال کر گئے (انا اللہ وانا الیہ راجعون)۔ تفصیلات کے مطابق 30 سالہ نجم الدین طویل عرصہ سے جگر کے عارضے میں مبتلا تھے اور وہ گزشتہ ایک ماہ سے جگر کی تبدیلی کیلئے بھارت کے شہر نیو دہلی کے گنگا رام اسپتال میں زیر علاج تھے۔ پیر کے روز ان کا آپریشن ہوا تھا تاہم وہ ڈاکٹروں کی توجہ اور علاج ومعالجہ کے باوجود جانبر نہ ہوسکے اور جمعہ کے روز اپنے خالقِ حقیقی سے جاملے۔ مرحوم ایم کیو ایم کے سرگرم کارکنان میں شمار کئے جاتے تھے اور قائد تحریک جناب الطاف حسین سے والہانہ عقیدت ومحبت رکھتے تھے۔ مرحوم شادی شدہ تھے اور ان کے پسماندگان میں بیوہ، تین بھائی اور پانچ بہنیں شامل ہیں۔ ایم کیو ایم کی جانب سے میت پاکستان لانے کے انتظامات کئے جارہے ہیں۔ دریں اثناء متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیو ایم فیڈرل بی ایریا سیکٹر یونٹ

149 کے کارکن نجم الدین کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے مرحوم کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ مجھ سمیت ایم کیو ایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے ،مرحوم کے درجات بلند فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔علاوہ ازیں متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے نجم الدین کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے مرحوم کی مغفرت اور بلند درجات کیلئے دعا کی۔

## شعیب بخاری نے صوبائی وزیر برائے خصوصی تعلیم علی نواز شاہ رضوی کی عیادت کی

کراچی۔۔۔29 مئی 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے رکن اور حق پرست صوبائی وزیر سید شعیب احمد بخاری ایڈووکیٹ نے مقامی اسپتال جاکر صوبائی وزیر برائے خصوصی تعلیم علی نواز شاہ رضوی کی عیادت کی اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے ان کی خیریت دریافت کی اور گلدستہ پیش کیا۔وہ کچھ دیر ان کے ہمراہ رہے اور ان کی جلد و مکمل صحت یابی کیلئے دعا بھی کی۔

## مقبول آباد سوسائٹی کے رہائشی شخص حنیف میمن کا ایم کیو ایم سے کوئی تعلق نہیں، رابطہ کمیٹی

کراچی۔۔۔29 مئی 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے مقبول آباد سوسائٹی کے رہائشی حنیف میمن سے لاتعلقی کا اظہار کیا ہے۔ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا کہ حنیف میمن سماج دشمن سرگرمیوں میں ملوث ہے اور خود کو متحدہ قومی موومنٹ کا کارکن ظاہر کرتا ہے۔رابطہ کمیٹی نے ایک مرتبہ پھر واضح کیا کہ مقبول آباد سوسائٹی کے رہائشی حنیف میمن کا متحدہ قومی موومنٹ سے کوئی تعلق نہیں ہے۔

## عبادتگاہیں خواہ کسی بھی مذہب کی ہوں واجب الاحترام ہیں، شعبہ خواتین
## گڑھی شاہو اور ماڈل ٹاؤن میں احمدیوں کی عبادتگاہ پر فائرنگ اور بموں سے حملے کے واقعات پر اظہار مذمت

کراچی۔۔۔29 مئی 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ شعبہ خواتین کی انچارج وار اکین نے لاہور میں گڑھی شاہو اور ماڈل ٹاؤن کے علاقوں میں احمدیوں کی عبادتگاہ پر فائرنگ اور بموں سے حملوں کے واقعات کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے اور اس میں متعدد افراد کی ہلاکت اور زخمی ہونے پر سوگواران سے دلی ہمدردی اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ عبادتگاہ خواہ کسی بھی مذہب کی ہوں وہ واجب الاحترام ہے اور کسی بھی بیمار ذہنیت کے حامل دہشت گردوں کو اس بات کی ہرگز اجازت نہیں دی جاسکتی کہ وہ کسی بھی مذہب کی عبادتگاہ پر حملہ آور ہوں اور قتل وغارتگری کا بازار گرم کریں۔انہوں نے کہا کہ دہشت گردی کی جڑیں خواہ کتنی ہی مضبوط کیوں نہ ہوں اس کی سرکوبی اور اسے جڑ سے اکھاڑ پھینکنے سے ہی نہ صرف ملک کو استحکام بخشا جاسکتا ہے بلکہ قیمتی انسانی جانوں کو عملی طور پر تحفظ بھی فراہم کیا جاسکتا ہے۔انہوں نے کہا کہ نیویارک ٹائمز کی 21 مئی کی اشاعت میں بھی ان عناصر کی نشاندہی کی گئی ہے جن کے متعلق کافی عرصہ سے قائد تحریک جناب الطاف حسین ارباب اقتدار واختیار کی توجہ مبذول کراتے رہے ہیں اور اس وقت ان کے تحفظات اور خدشات پر واویلا مچانے کے بجائے ملکی وقومی سلامتی کا خیال کرتے ہوئے کارروائی عمل میں لائی جاتی تو ملک وقوم آج دہشت گردی کے عفریت کا شکار نہ ہوتے۔شعبہ خواتین کی انچارج وار اکین نے صدر مملکت آصف علی زرداری اور وزیر اعظم یوسف رضا گیلانی سے مطالبہ کیا کہ گڑھی شاہو اور ماڈل ٹاؤن لاہور میں احمدیوں کی عبادتگاہوں پر حملے اور متعدد افراد کے جاں بحق اور زخمی ہونے کا سختی سے نوٹس لیا جائے اور دہشت گردوں کے خلاف ٹھوس اور مثبت حکمت عملی کے تحت کارروائی کی جائے جس میں عوامی جان ومال کا ضیاع نہ ہوسکے۔

## ایم کیو ایم کے سوگوار کارکنان سے رابطہ کمیٹی کا اظہار افسوس

کراچی۔۔۔29مئی 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیو ایم کورنگی سیکٹر یونٹ 78 کے کارکن غلام محمد کی والدہ محترمہ رحمت النساء، ایم کیو ایم نارتھ ناظم آباد سیکٹر یونٹ 134-A کے کارکن عقیل احمد کی والدہ محترمہ زرینہ جمیل، ایم کیو ایم فیڈرل بی ایریا سیکٹر یونٹ 150 کے کارکن محمد شاہد کے والد محمد علی اور ایم کیو ایم گلشن اقبال سیکٹر یونٹ 68 کے کارکن سید کامران رضا زیدی کی والدہ محترمہ نفیس فاطمہ کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔(آمین)

☆☆☆☆☆